## سوال

(08) گابھن یا حاملہ جانور کی قربانی جائز ہے یا نہیں ؟

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

گابھن یا حاملہ جانور کی قربانی جائز ہے یا نہیں ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

گابھن کی قربانی کے متعلق احادیث میں کوئی صراحت نہیں آئی ہاں حدیث میں یہ آیا ہے ۔

زکواۃ الجنین زکواۃ امہ

یعنی حاملہ کے ذبح کرنے سے اس کے پیٹ کا بچہ بھی حلال وزبح ہوجاتا ہے ۔ شریعت نے دودھ والے جانور کوذبح سے روکا ہے ۔ فرمایا!

ایاک والحلوب

بچو تم دودھ والے والے جانور کوذبح کرنے سے

(فقط ابو محمد عبدالغفار دہلوی نائب مفتی جماعت غرباء اہل حدیث کراچی پاکستان فتاویٰ ستاریہ جلد 4 ص 53)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ علمائے حدیث

**جلد 13 ص 47**